Digitized by Khilafat Library Rabwah

بسم اللہ الرحمن الرحیم

فون نمبر ۴۹

رجسٹرڈ ایل نمبر ۵۲۵۴

عَسٰۤی اَنْ یَّبْعَثَکَ رَبُّکَ مَقَامًا مَّحْمُوْدًا ‑ اِنَّ الْفَضْلَ بِیَدِ اللّٰهِ یُؤْتِیْهِ مَنْ یَّشَآءُ

روزنامہ الفضل ربوہ

ایڈیٹر روشن دین تنویر

The Daily ALFAZL RABWAH

یوم شنبہ

قیمت فی پرچہ ۱۲ پیسے

جلد ۵۶/۲۱ | ۲۱ صلح ۱۳۴۶ ہش ۔ ۱۰ شوال ۱۳۸۶ ھ ۔ ۲۱ جنوری ۱۹۶۷ء | نمبر ۱۶

ارشادات عالیہ حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام

# ہمارے سلسلہ کو صرف اخلاص، صدق اور تقویٰ سے ترقی دے سکتا ہے

## شر جب بہت بڑھ جاتا ہے تو اس وقت تھوڑی سی نیکی کی بھی بڑی قدر ہوتی ہے

"ہمارے سلسلہ کو تو صرف اخلاص، صدق اور تقویٰ ہی جلد ترقی دے سکتا ہے۔ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے صحابہؓ ایک لاکھ سے متجاوز تھے۔ میرا ایمان ہے کہ ان میں سے کسی کا بھی ملونی والا ایمان نہ تھا۔ ایک بھی ان میں سے ایسا نہ تھا جو کچھ دین کے لئے ہو اور کچھ دنیا کے لئے بلکہ وہ سب کے سب خدا تعالےٰ کی راہ میں جان دینے کے لئے تیار تھے۔ جیسے کہ خدا تعالےٰ فرماتا ہے۔

فَمِنْهُمْ مَّنْ قَضٰى نَحْبَهٗ وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّنْتَظِرُ

جو لوگ ملونی والے ہوتے ہیں ان کو خدا تعالےٰ نے منافق کہا ہے۔ بیعت کرنے والوں کو خوش نہیں ہونا چاہیئے کیونکہ منافق وہ لوگ ہیں جنہوں نے کچھ ملونی کی۔

آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں جو منافق تھے۔ اگر وہ اس زمانہ میں ہوتے تو بڑے بزرگ اور مومن سمجھے جاتے کیونکہ شر جب بہت بڑھ جاتا ہے تو اس وقت تھوڑی سی نیکی کی بھی بڑی قدر ہوتی ہے۔ وہ لوگ جن کو منافق کہا گیا ہے، اصل میں وہ بڑے بڑے صحابہؓ کے مقابل پر منافق تھے۔ یاد رکھو جس شخص نے خدا تعالےٰ کے ساتھ کچھ حصہ شیطان کا ڈالا وہ منافق ہے۔"

(ملفوظات جلد نہم صفحہ ۱۴۴ تا ۱۴۵)

# اخبار احمدیہ

○ ربوہ ۲۰ جنوری۔ سیدنا حضرت امیر المومنین خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ تعالےٰ کی صحت کے متعلق آج صبح کی اطلاع مظہر ہے کہ طبیعت اللہ تعالےٰ کے فضل سے اچھی ہے۔ الحمد للہ۔

○ ربوہ ۲۰ جنوری کل شام مجلس عاملہ انصار اللہ مرکزیہ نے مکرم چوہدری محمد شریف صاحب زعیم اعلےٰ مجلس انصار اللہ ربوہ کے اعزاز میں ایک الوداعی تقریب کا دفتر مجلس مرکزیہ میں اہتمام کیا جس میں صدارت کے فرائض محترم صاحبزادہ مرزا مبارک احمد صاحب نائب صدر مجلس انصار اللہ مرکزیہ نے ادا فرمائے۔ حضرت صدر صاحب انصار اللہ مرکزیہ سیدنا حضرت امیر المومنین خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ تعالےٰ نے اس تقریب کی خصوصی منظوری عطا فرمائی تھی۔ یاد رہے مکرم چوہدری محمد شریف صاحب عنقریب اعلائے کلمۂ اسلام کی غرض سے گیمبیا مغربی افریقہ تشریف لے جا رہے ہیں۔

تلاوت قرآن مجید کے بعد محترم مولانا ابو العطاء صاحب قائد تربیت مجلس مرکزیہ نے مجلس عاملہ کی طرف سے مکرم چوہدری صاحب کی خدمت میں ایڈریس پیش کرتے ہوئے آپ کو دلی دعاؤں کے ساتھ نہایت پُرخلوص طور پر الوداع کہا۔ محترم چوہدری صاحب موصوف نے جوابی تقریر میں شکریہ ادا کرتے ہوئے دعا کی درخواست کی۔ آخر میں محترم صاحبزادہ مرزا مبارک احمد صاحب نے دعا کرائی اور یہ بابرکت تقریب اختتام پذیر ہوئی۔

## انتظامات جلسہ سالانہ کا معائنہ

تمام کارکنان جلسہ سالانہ کو اطلاع دی جاتی ہے کہ سیدنا حضرت امیر المومنین خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ تعالےٰ بنصرہ العزیز مورخہ ۲۳ جنوری بروز سوموار دس بجے صبح جلسہ کے انتظامات کا معائنہ فرمائیں گے۔ انشاء اللہ

(افسر جلسہ سالانہ)

نوٹ:۔ ڈیوٹیوں کے متعلق اعلان صفحہ ۸ پر ملاحظہ فرمائیں۔

## ربوہ کے احباب سے ضروری گزارش

الحمد للہ سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ تعالےٰ کے ارشاد پر بہت سے دوستوں نے جلسہ سالانہ پر تشریف لانے والے مہمانوں کے لئے اپنے مکان اور کمرے پیش کئے ہیں لیکن مہمانان کرام کی حرف سے مطالبے زیادہ ہیں اور ان مطالبوں کو پورا کرنے کے لئے ابھی مزید مکانوں کی ضرورت ہے۔ لہٰذا مقامی دوستوں سے توقع کی جاتی ہے کہ وہ حضور ایدہ اللہ تعالےٰ کے ارشاد پر اور زیادہ تعداد میں مکانات پیش کر کے عند اللہ ماجور ہوں گے۔ اللہ تعالےٰ سب دوستوں کو جزائے خیر عطا فرمائے آمین۔

(افسر جلسہ سالانہ)

مسعود احمد پبلشر نے ضیاء الاسلام پریس ربوہ میں چھپوا کر دفتر الفضل دارالرحمت غربی ربوہ سے شائع کیا

Digitized by Khilafat Library Rabwah

روزنامہ الفضل ربوہ
مورخہ ۲۱ جنوری ۱۹۶۶ء

# بندۂ حق کی مخالفت

(۲)

یہ تو گزشتہ مخالفین احمدیت کا حال ہے۔ آج ہی کے مخالفین کو لے لیجئے۔ ان میں سے کتنے ایسے ہیں جنہوں نے مخالفت کا کوئی موقعہ ہاتھ سے جانے نہیں دیا۔ ہم یہاں اس تفصیل میں نہیں جاتے۔ جو جو کارروائیاں ان لوگوں نے عوام کو بھڑکانے سے لے کر حکومت کو اکسانے تک کی ہیں۔ لیکن اللہ تعالیٰ کے فضل سے جماعت اپنا کام دن دوگنی اور رات چوگنی ترقی کے ساتھ کرتی ہی چلی آرہی ہے۔

ہم یہاں صرف ان لوگوں سے خطاب کر رہے ہیں۔ جو نئے نئے اس میدان میں داخل ہونا چاہتے ہیں۔ ان میں سے ایک تو المنبر کے ایڈیٹر صاحب ہیں جو اپنی لیبارٹری کے ساتھ مخالفت احمدیت کا شغل بھی جاری کئے ہوئے ہیں۔ دوسرے ہمارے مہربان مودودی صاحب ہیں اور آخر میں جن کے لئے خاص طور پر ہم نے یہ قلم اٹھایا ہے وہ ہیں مولوی ابوالحسن صاحب ندوی۔ ان صاحب نے ایک کتاب عربی میں القادیانی والقادیانیت کے نام سے تصنیف فرمائی ہے جس کا پہلے اردو اور اب انگریزی ترجمہ بھی شائع کیا گیا ہے۔

اس کتاب کے اردو ایڈیشن کا مختصر جائزہ ہم پہلے بھی الفضل میں لے چکے ہیں۔ جس میں ہم نے واضح کیا ہے کہ مصنف کا یہ دعویٰ کہ انہوں نے علمی تحقیقات کرکے یہ کتاب لکھی ہے سراسر غلط ہے۔ البتہ آپ نے پہلے مخالفین کی محنت و مشقت کو اپنے انداز اور اپنی ترتیب سے پیش کر دیا ہے۔ اور کوئی ایسی بات نہیں کی جس کو علمی تحقیقات یا دیانتدارانہ جذبہ کا نتیجہ کہا جا سکے۔ یعنی (معذرت کے ساتھ)

ڈھانچہ میں تو ہیں وہی اگلے برس کی تیلیاں

ہمیں اس کتاب کا مطالعہ کرکے سخت مایوسی ہوئی۔ اس میں کوئی ایسی بات نہیں ملی جو "سطحی" سے بلند کہی جا سکے۔ وہ ستیارتھ پرکاشی اور راجپالی تنقیدی انداز ہے جو اس میدان کے اکثر پہلوانوں کا چلا آرہا ہے۔ یعنی الیاس برنی کی کتاب "قادیانی مذہب" کا چربہ جو محض چولی بدل کر پیش کر دیا گیا ہے۔

کتاب پر تو ہم پھر بھی تبصرہ کریں گے۔ فی الحال ہم کو اس کتاب پر ایک ایسے دانشور کے **تبصرہ** کا ذکر کرنا ہے۔ جو ابھی مودودی صاحب کی آمرانہ قید سے رہائی حاصل کرکے گلشن صحافت میں آزادانہ نغمہ سرائی کے دعوے دار ہیں۔ یہ ہیں جناب اسرار احمد صاحب ماہنامہ میثاق کے مدیر مسئول۔

ہمیں افسوس ہے کہ تبصرہ نگار نے بھی مصنف کتاب کی طرح مکھی پہ مکھی ماری ہے۔ اور تبصرہ لکھتے ہوئے بنا بر کوئی تحقیقات نہیں فرمائی۔ مولوی ابوالحسن صاحب ندوی کی تحقیقات کا تو یہ عالم ہے کہ اس کتاب میں آپ نے لکھا ہے کہ احمدیوں نے ہجری سن ترک کرکے اپنا نیا سن ایجاد کر لیا ہے۔ حالانکہ اگر وہ "الفضل" ہی کا کوئی پرچہ اٹھا کر دیکھنے کی زحمت گوارا کرتے تو ایسی بات نہ کہتے۔ اس پرچہ میں ہجری سن اسی طرح دیا جاتا ہے جس طرح کہ عام مسلمان مانتے ہیں۔ وہی مہینے اور وہی تاریخیں ہوتی ہیں۔ البتہ احمدیوں نے شمسی ہجری سن کا ضرور آغاز کیا ہے اس کے مہینوں کے نام بھی خود تجویز کئے ہیں تاکہ قمری سن سے امتیاز کیا جا سکے۔ یہ محض شمسی حساب کی کمی کو پورا کرنے کے لئے کیا گیا ہے۔ الغرض مولوی ابوالحسن صاحب نے اتنی بھی تحقیقات نہیں فرمائی۔

(باقی)

ہر صاحب استطاعت احمدی کا فرض ہے کہ الفضل خود خرید کر پڑھے

## حدیث النبی ﷺ

# مُرُوهُ فَلْيَتَكَلَّمْ

عن ابن عباس رضی اللہ عنہما قال بینا النبی صلی اللہ علیہ وسلم یخطب اذ ھو برجل قائم فسأل عنہ فقالوا ابو اسرائیل نذر ان یقوم ولا یقعد ولا یستظل ولا یتکلم ویصوم فقال النبی صلی اللہ علیہ وسلم مروہ فلیتکلم ولیستظل ولیقعد ولیتم صومہ

ترجمہ: حضرت ابن عباس کہتے ہیں کہ ایک مرتبہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم خطبہ پڑھ رہے تھے کہ ایک شخص کو کھڑے ہوئے دیکھ کر آپ نے دریافت کیا۔ یہ کون شخص ہے لوگوں نے کہا یہ ابو اسرائیل ہے۔ اس نے نذر مانی ہے۔ کہ دن بھر کھڑا رہے گا بیٹھے گا نہیں اور نہ سایہ میں آئے گا۔ اور نہ کسی سے بات کرے گا۔ اور اسی حالت میں روزہ پورا کرے گا۔ آپ نے فرمایا اس سے کہہ دو کہ بیٹھ جائے اور سایہ میں آجائے اور بات چیت کرے اور اپنا روزہ پورا کرے۔

(بخاری کتاب الایمان والنذور)

# ہر اک زمین کو اللہ کا پاک گھر دینگے

صلیب توڑیں گے خنزیر قتل کر دینگے
ہر اک زمین کو اللہ کا پاک گھر دینگے

نہ جی سکیں گی فضا میں خداؤں کی تثلیث
کہ قل ھو اللہ احد سے فضا کو بھر دینگے

عطا ہوا ہے "صحابہ" کا ہم کو جوش و خروش
قدم نہ پیچھے ہٹے گا جو آگے دھر دینگے

اگر اشارہ ہمارا امام کر دے ذرا
ہم اپنا مال تو کیا ہے خوشی سے سر دینگے

مرا ہے کام دعا مانگتے رہو دن رات
مری دعائیں وہ تنویر خود اثر دینگے

## امانت فنڈ تحریک جدید

حضرت المصلح الموعود رضی اللہ عنہ کا ارشاد ہے۔

"امانت فنڈ تحریک جدید میں روپیہ جمع کرنا فائدہ بخش بھی ہے اور خدمت دین بھی۔"

(افسر امانت تحریک جدید)

Digitized by Khilafat Library Rabwah

# ہمارا جلسہ سالانہ

## سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثانی المصلح الموعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی ارشاد فرمودہ چند اہم ہدایات

(۲)

### بُرا نمونہ پیش کرکے دوسروں کیلئے ٹھوکر کا موجب نہ بنیں

میں یہ نہیں کہتا کہ بیمار بھی جلسہ میں بیٹھیں۔ انہیں تندرست رکھنا ہمارا کام ہے انہیں اپنی صحت کو بچانے کی کوشش کرنی چاہیئے۔ وہ بے شک آرام کریں لیکن انہیں یہ طریق اختیار نہیں کرنا چاہیئے کہ وہ بازاروں میں جائیں اور دکانوں پر بیٹھیں۔ وہ جلسہ گاہ سے بے شک باہر چلے جائیں لیکن اپنی بیرکوں اور بیٹھکوں میں بیٹھیں۔ اگر انہیں کوئی کرانک بیماری ہے تو الگ بات ہے ورنہ ہمارا ڈاکٹر موجود ہوگا اسی کے پاس جاکر علاج کرانا چاہیئے۔ بہرحال انہیں گھروں میں بیٹھنا چاہیئے تاکہ دوسرے لوگ ان کے بُرے نمونہ سے متاثر نہ ہوں۔

جماعت کے معنے ہی یہ ہیں کہ اس میں ایک نظم پایا جاتا ہے۔ ہمارے ہاں تو ایک شخص بھی ایسا نہیں ہونا چاہیئے جو تقاریر کے دوران جلسہ گاہ میں نہ بیٹھے سوائے پہرہ داروں کے یا ان لوگوں کے جو کھانے پکانے اور کھلانے پر مقرر ہوں۔ میں انہیں بھی یہ کہوں گا کہ وہ اپنے فارغ وقت میں جلسہ گاہ میں بیٹھ کر تقاریر سُنیں۔ لیکن اگر وہ ڈیوٹی کے لئے جلسہ گاہ سے اٹھ کر چلے جاتے ہیں تو دوسرے لوگوں کو ان کی نقل نہیں کرنی چاہیئے۔

(الفضل ۲۳ دسمبر ۵۲ء صـ۳)

### جلسہ سالانہ کے دنوں میں دعاؤں پر زور دیں

بیرون جات سے آنے والوں اور یہاں کے لوگوں کو نصیحت کرتا ہوں کہ اس اجتماع کے موقع پر دعاؤں کو خاص طور پر مد نظر رکھیں۔ دعا تو اس وقت بھی ہوتی ہے۔ مگر جو پہلے کی جائے وہ زیادہ مقبول ہوتی ہے ۔۔۔۔ اس لئے پہلے ہی دعا کرنی چاہیئے کہ اللہ تعالیٰ اس جلسہ کو پہلے جلسوں سے زیادہ ترقیات اور اتحاد و اتفاق جماعت اور علوم اور روحانیت کی ترقی کا موجب بنائے۔

(الفضل ۱۴ دسمبر ۲۲ء صـ۶)

### جلسہ سالانہ کی برکات حاصل کرنے کیلئے ذکرِ الٰہی پر زور دو

جلسہ کی برکات بڑھنے کا ذریعہ وہی ہوسکتا ہے جو رسول کریم صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے۔ آپؐ نے فرمایا ہے کہ جب کوئی اسلامی اجتماع ہو تو ذکرِ الٰہی اور عبادت زیادہ کی جائے تم عام اجتماعوں کو دیکھ لو ان میں اور دوسرے لوگوں کے اجتماعوں میں یہی فرق نظر آتا ہے کہ ان میں رسول کریم صلے اللہ علیہ وسلم نے ذکرِ الٰہی اور عبادت پر زور دیا ہے۔ اور دوسرے لوگوں کے اجتماعوں میں ذکر الٰہی اور عبادت نہیں ہوتی۔ پس جلسہ کی برکات حاصل کرنے اور ان سے فائدہ اٹھانے کے لئے چاہیئے کہ تم ان ایام میں ذکرِ الٰہی زیادہ کرو۔

(الفضل ۹ جنوری ۵۵ء صـ۱)

تم نے لوگوں کے قلوب تک پہنچنا ہے اور اس کے لئے تمہیں فرشتوں کی ضرورت ہے اور رسول کریم صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ فرشتوں کی مدد اس وقت آتی ہے جب تم ذکرِ الٰہی اور عبادت کرو۔ پس تم ان ایام کو ذکر الٰہی اور عبادت میں صرف کرو۔ اور آنے والوں کو بھی سمجھاؤ شاید بعد میں آنے والے پہلے آنے والوں سے زیادہ عمل کرنے والے ہوں۔

(الفضل ۹ جنوری ۵۵ء صـ۲)

### ہر قسم کی تکالیف کے باوجود جلسہ سالانہ میں شمولیت اختیار کرو

جلسہ سالانہ میں شمولیت ایمان کی زیادتی کا موجب ہوتی ہے لیکن انہیں یہ سمجھ کر آنا چاہیئے کہ ۔۔۔۔۔۔ یہاں گرد و غبار اڑے گا۔ جگہ کی قلت ہوگی پانی کی دقت ہوگی۔ کھانے کی دقت ہوگی۔ یہ سب چیزیں ہوں گی اور آئندہ سالوں میں ہماری یہ کوشش ہوگی کہ ان دقتوں کو کم سے کم کیا جائے لیکن وہ لوگ مبارک ہوں گے جو ان دقتوں کے باوجود جلسہ سالانہ میں شامل ہوں گے اور تکالیف اٹھا کر اپنے ایمان اور اخلاص کا ثبوت دیں گے۔

(الفضل ۱۹ دسمبر ۵۰ء صـ۲)

### مہمان الگ الگ ٹھہر کر کارکنوں کیلئے مشکلات پیدا نہ کریں

میں آنے والوں سے ۔۔۔۔ کہتا ہوں کہ وہ اکٹھے رہیں اور علیحدہ علیحدہ ٹھہر کر کارکنوں کے لئے مشکلات پیدا کرنے کا موجب نہ ہوں۔

(الفضل ۱۶ دسمبر ۵۲ء صـ۴)

### جلسہ سالانہ کے دنوں میں اپنی صحت کا خاص طور پر خیال رکھیں

آج کل خشک سردی پڑ رہی ہے اور اس سے نمونیہ وغیرہ زیادہ ہوتا ہے اس لئے اپنے اوقات کو اس طرح خرچ کریں اور یہاں اس طرح اپنے دن گزاریں کہ آپ کو بلاوجہ موسم کی شدت کا مقابلہ نہ کرنا پڑے۔ مومن کی جان بڑی قیمتی ہوتی ہے۔ آپ کو تو خود تجربہ ہے کہ ایک ایک احمدی بنانے میں کتنے مہینے لگ جاتے ہیں۔ پس ایک احمدی کا اپنی جان بچانا کوئی معمولی بات نہیں۔ کیونکہ وہ آسانی سے حاصل نہیں ہوتا بلکہ بڑی قربانی سے حاصل ہوتا ہے۔

(الفضل ۲۱ جنوری ۱۹۵۳ء صـ۳)

### مقامی دوست مہمانوں کے ٹھہرنے کیلئے مکانات پیش کریں

جو احباب مکان خالی کرسکتے ہیں فارغ کرکے دیں۔ اگر مہمانوں کے ٹھہرنے کے لئے جگہ نہ ہو تو پھر مکانات کس کام کے۔

(الفضل یکم جنوری ۲۳ء صـ۸)

حقیقی طور پر اس پیشگوئی (قادیان کی ترقی) کے مصداق وہی مکان ہوسکتے ہیں جن میں آپ (حضرت مسیح موعودؑ) کی تصدیق ہو۔ اور آپ کے اغراض و مقاصد کے لئے استعمال کئے جاسکیں اور سالانہ جلسہ ایک موقع ہے جس میں مکان بنانے والے اصحاب اچھی طرح اس نشان اور پیشگوئی کے مصداق اپنے مکانات کو بنا سکتے ہیں۔ جو حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام نے قادیان کی ترقی کے لئے کی۔ پس میں تمام ایسے احمدیوں کو جنہیں قادیان میں مکان بنانے کی خدا تعالےٰ نے توفیق دی ہے کہتا ہوں کہ وہ جس قدر بھی حصہ اپنے مکانوں سے مہمانوں کے لئے دے سکتے ہیں کارکنان کو دیدیں تاکہ وہ مہمانوں کو ان میں ٹھہرائیں۔ اس طرح وہ اس پیشگوئی کو خود بھی پورا کرنے والے ہوں گے جو حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام نے کی۔ پس دوستوں کو چاہیئے کہ جس قدر حصہ مکان وہ فارغ کرسکتے ہیں کر دیں۔ اور اس کی اطلاع کارکنان کو جلد سے جلد دے دیں۔

(الفضل ۲۵ دسمبر ۲۰ء صـ۶)

میں مقامی لوگوں سے یہ کہنا چاہتا ہوں کہ جلسہ سالانہ پر آنے والوں کے لئے مکانوں کی دقت ہوگی۔ قادیان میں لوگ مہمانوں کے لئے اپنے مکان دئے کرتے تھے لیکن ۔۔۔۔ قادیان سے زیادہ قربانی دکھانے کی ضرورت ہے کیونکہ جس سلسلہ کے مالوں سے بارہ ماہ تک تم نے فائدہ اٹھایا اس کی خاطر اگر تم نے چند دن تکلیف نہ اٹھائی تو یہ تمہاری اخلاقی کمزوری ہوگی۔

(الفضل دسمبر ۵۰ء )

میں مقامی جماعت کے دوستوں کو اس طرف توجہ دلاتا ہوں کہ وہ کام کرنے والوں سے تعاون کریں اور آنے والے مہمانوں کے لئے اپنے مکانات پیش کریں۔ ورنہ اگر جلسہ سالانہ پر آنے والے مہمانوں کے رہنے کے لئے کوئی گنجائش نہ نکلی تو جلسہ کا ہونا یا نہ ہونا برابر ہو جائے گا۔ اگر جلسہ سالانہ پر آنے والوں کے لئے جگہ نہ ملی تو لازمًا انہیں تکلیف ہوگی۔ اس طرح جو غیر احمدی اس موقع پر آجاتے ہیں وہ ان کی طعن و تشنیع کا موجب بنیں گے۔ اور یہ ساری باتیں ایسی ہیں جو حوصلہ شکن اور دل توڑنے والی ہیں۔ پس ربوہ والوں کو یاد رکھنا چاہیئے کہ جہاں یہ جلسہ ساری جماعت کا ہے وہاں وہ خاص طور پر اس موقع پر میزبان کی حیثیت رکھتے ہیں۔ یوں تو ساری جماعت ہی میزبان ہے کیونکہ جلسہ سالانہ کا بوجھ ساری جماعت پر ہے لیکن یہ بات ظاہر ہے کہ یہاں رہنے والوں کی ذمہ داریاں باقی جماعت سے زیادہ ہیں۔ جو لوگ کرایہ کے مکانوں میں رہتے ہیں وہ بھی اس موقع

مکانات کے بعض حصے پیش کر سکتے ہیں۔

(الفضل ۱۶ دسمبر ۵۲ء صفحہ ۳)

ہمیں مہمانوں کے ٹھہرانے کے لئے اپنی قربانی پیش کرنی چاہیئے۔ اگر ہمیں اس سلسلہ میں تکلیف بھی اٹھانی پڑے تو اس سے دریغ نہیں کرنا چاہیئے۔ آخر جلسہ سالانہ پر آنیوالے بھی اپنے مکانات اور رشتہ دار چھوڑ کر آتے ہیں۔ ہر سال درجنوں واقعات ایسے پیش آتے ہیں کہ لوگ یہاں آئے اور ان کے مکانات کے تالے ٹوٹ گئے اور ان کا سامان لوٹ لیا گیا۔ پھر ایسے واقعات بھی میں نے دیکھے ہیں کہ جلسہ سالانہ پر لوگ آئے اور اپنے بیمار بیوی بچے پیچھے چھوڑ آئے۔ بعد میں تار آئی کہ ان کا بیمار عزیز فوت ہو گیا ہے۔۔۔ اس کے مقابلہ میں تم پر بھی یہ ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ تم قربانی کرو اور جہاں تک ہو سکے جلسہ سالانہ پر آنے والے مہمانوں کو آرام پہنچاؤ۔ اگر تم ایسا کرو گے تو تم ان کی ادنیٰ سے ادنیٰ ضرورت کو پورا کرو گے کیونکہ اگر ایک چھوٹے سے کمرہ میں پندرہ سولہ مہمان ٹھہر جائیں تو انہیں آرام میسر نہیں آ سکتا

(الفضل ۱۶ دسمبر ۵۲ء صفحہ ۳)

## مقامی دوست مکانات کے علاوہ اپنی ذاتی خدمات بھی پیش کریں

دوست اپنے آپ کو اس موقع پر کام کے لئے وقف کریں اور اس سال پچھلے سالوں سے زیادہ محنت اور توجہ سے کام کریں۔ کیونکہ مومن ترقی کرتا ہے اور اس کا ہر قدم پہلی حالت سے آگے بڑھتا ہے اس لئے احباب اپنے عمل سے اپنے ایمان سے یہ ثابت کریں کہ انہوں نے گزشتہ سالوں کی نسبت بہت ترقی حاصل کر لی ہے۔ پہلے سے زیادہ محنت ایثار اور قربانی کے ساتھ کام کریں۔۔۔ جن جن کے پاس مکانات ہیں جہاں تک ممکن ہو سکے خود وہ قلیل سے قلیل تنگ جگہ میں گزارہ کر لیں اور باقی حصہ مہمانوں کے لئے خالی کر دیں۔ تاکہ اللہ تعالیٰ ان مکانات کو برکت دے اور ان کو وسیع کرے۔

(الفضل ۲۳ دسمبر ۴۲ء ص)

بعض کام جو مقامی جماعت نے ہی کرنے ہیں ان کی طرف بھی خاص توجہ اور خیال رکھنا چاہیئے مثلاً مکانات مہیا کرنا یا مہمانوں کی خدمت کرنا یا چندہ کی تحریک جیسی بھی ہو اس میں خصوصیت سے حصہ لینا چاہیئے کیونکہ وہ میزبان ہیں۔ مہمان نوازی کے اخراجات چونکہ یہاں کے لوگ برداشت نہیں کر سکتے اس لئے باہر سے امداد لی جاتی ہے ورنہ اخلاقی طور پر مہمان نوازی کا ان کا ہی فرض ہے۔ (الفضل ۳۰ نومبر ۳۸ء ص۶)

قادیان کے رہنے والوں کو خدا تعالیٰ نے اس "دار" کی حفاظت کا ذریعہ بنایا ہے جس کی برکت کے لئے وہ لوگوں کو جمع کر کے یہاں لاتا ہے۔ پس یہاں کی جماعت کے احباب کو میں نصیحت کرتا ہوں کہ آئندہ دن کے لئے تیاری کریں۔ مکانوں والے مہمانوں کے لئے اپنے مکان دیں اور سب کے علاوہ اپنے اجسام اور اوقات بھی خدمت کے لئے پیش کریں۔

(الفضل ۱۷ دسمبر ۳۰ء ص۶)

اللہ تعالیٰ نے چاہا تو حضرت مسیح موعودؑ کی جاری کی ہوئی سنت کے ماتحت قادیان میں مہمان آئیں گے اور ان میں جماعت کے بھی لوگ ہوں گے اور غیر بھی۔ ہم اللہ کے فضل سے ہر سال مہمانوں کی تعداد کو روز افزوں دیکھتے ہیں اس لئے اس دفعہ بھی انشاء اللہ پہلے سے زیادہ تعداد میں مہمان ہوں گے۔ ان کی مہمان نوازی یہاں کے تمام لوگوں کے ذمہ ہو گی کیونکہ وہ چند آدمی جو لنگر کے منتظم ہیں اس کام کو نہیں کر سکتے۔

اس لئے میں قادیان کے احباب کو نصیحت کرتا ہوں کہ کام بڑا ہے اور ابھی سے اس کا انتظام ہونا چاہیئے۔ اگر ابھی سے آپ لوگوں نے اپنے آپ کو کام کے لئے پیش نہ کیا بعد میں منتظموں کو موقع نکالنا مشکل ہو گا اس لئے میں دوستوں کو نصیحت کرتا ہوں کہ احباب اپنے آپ کو پیش کریں۔ تاجر تو معذور ہیں کیونکہ وہی ان کے کام کے دن ہوتے ہیں۔ اور اور لوگ بھی جو اس قسم کے کاموں پر متعین ہوتے ہیں جن سے وہ علیحدہ نہیں ہو سکتے۔ باقی دوست اپنے کام چھوڑ کر بھی اپنے آپ کو مہمانوں کی خدمت کے لئے پیش کریں۔

یہ لوگ جو آئیں گے وہ صرف مہمان ہی نہیں شعائر اللہ میں داخل ہیں اور شعائر اللہ کی حرمت و عزت مومن کا فرض ہے۔ ابھی زیادہ زمانہ نہیں گزرا اور اس وقت کو دیکھنے والے بہت لوگ موجود ہیں جب قادیان کے چاروں طرف جنگل ہی جنگل تھے۔ حضرت اقدسؑ کے وقت میں جلسہ سالانہ پر اتنے لوگ بھی نہیں آتے تھے جتنے کہ اس وقت جلسہ میں بیٹھے ہیں۔ حضرت صاحب نے اس وقت سے بہت عرصہ پیشتر خدا سے خبر پا کر اطلاع دی۔ یاتون من کل فج عمیق ویاتیک من کل فج عمیق۔ تیرے پاس دور دور سے لوگ آئیں گے اور دور دور سے تحفے آئیں گے حتیٰ کہ جن رستوں پر سے آئیں گے ان پر گڑھے پڑ جائیں گے۔ سو خدا نے یہ نظارہ ہمیں اپنی آنکھوں سے دکھایا۔ اگر پہلا نہیں دیکھا تو اب بھی یہ نظارہ نظر آتا ہے۔ قادیان میں ہر ایک آنیوالا آدمی گویا [illegible] پورا کرنیوالا ہوتا ہے اس لئے [illegible] شعائر اللہ میں داخل ہوتا ہے [illegible] ہو سکے اور کیا بلحاظ شان الٰہی ہونے کے یہاں کی جماعت کو ان کی مہمان نوازی کی فکر کرنی چاہیئے۔ (الفضل ۱۸ دسمبر ۱۹۲۸ء)

(مرتبہ مکرم مولوی سلطان احمد صاحب پیر کوٹی) (باقی)

Digitized by Khilafat Library Rabwah


# ادارۃ المصنفین کا قیمتی لٹریچر!

**تاریخ احمدیت جلد ہفتم** — ادارۃ المصنفین کی طرف سے اب تک تاریخ احمدیت کے چھ حصے شائع ہو چکے ہیں۔ امسال جلسہ سالانہ کے موقع ساتواں حصہ شائع کیا جا رہا ہے۔ حجم سوا چھ صد صفحات ہے۔ مجلد ہے۔ قیمت صرف دس روپے ہو گی۔ بقیہ حصص بھی مل سکتے ہیں۔ تاریخ احمدیت کا ہر گھر میں موجود ہونا ضروری ہے۔ اس لئے ہر احمدی دوست کو اسے خریدنا چاہیئے۔

**ترجمہ و شرح بخاری شریف!** — احباب جماعت کا تقاضا تھا کہ بخاری شریف کا ترجمہ اور شرح جلد شائع کی جائے چنانچہ ادارۃ المصنفین کی طرف سے اب تک سات حصے شائع ہو چکے ہیں۔ اب آٹھواں حصہ مکمل ہو کر تیار ہو گیا ہے۔ احباب کو اسے بھی حاصل کرنا چاہیئے۔ اور بقیہ حصص کو بھی تا کہ یہ اہم کام احباب کے تعاون سے جلد مکمل ہو۔ قیمت چار روپے رکھی گئی ہے۔

**ھدایۃ المقتصد** — فقہ کی مشہور کتاب بدایۃ المجتہد کے ایک حصہ کا ترجمہ ہے۔ جو مخصوص عائلی مسائل پر مشتمل ہے۔ ہر خاندان میں موجود ہونا ضروری ہے اسی طرح وکلاء صاحبان کے لئے اس کا مطالعہ ضروری ہے۔ قیمت پانچ روپے ہے۔

**تبویب مسند احمد بن حنبل** — مسند احمد بن حنبل کی تبویب کی پہلی جلد جو عربی ٹائپ پر چھپی ہوئی ہے اور نہایت خوبصورت اور دیدہ زیب ہے۔ قیمت صرف چھ روپے ہے۔

مینیجنگ ڈائریکٹر ادارۃ المصنفین ربوہ


## درخواست دعا

۱۔ میرا بیٹا عزیز محمد نعیم بعارضہ ٹائیفائیڈ بیمار ہے۔ احباب جماعت کی خدمت میں درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ عزیز موصوف کو صحت کاملہ عطا فرمائے۔ آمین۔

(خاکسار محمد اسلم دنیاپور ضلع ملتان)

۲۔ میرا بیٹا عزیز ظفر احمد متعلم جامعہ احمدیہ پندرہ روز سے بیمار چلا آ رہا ہے۔ احباب جماعت کی خدمت میں درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ عزیز موصوف کو صحت کاملہ عطا فرمائے۔ آمین۔ (خاکسار چوہدری شبیر احمد وکیل المال اول تحریک جدید)

۳۔ میرے داماد سید میر حیدر علی شاہ صاحب کا کراچی میں آپریشن ہونے والا ہے ان کی گردن پر پھوڑا نکلا ہوا ہے۔ احباب سے درخواست دعا ہے۔

(سید محمد شاہ۔ دفتر تعمیر صدر انجمن احمدیہ ربوہ)

۴۔ سید محمد لطیف شاہ صاحب ریٹائرڈ انسپکٹر بیت المال تین روز سے بعارضہ بخار بیمار ہیں احباب کی خدمت میں دعا کی درخواست ہے۔

(خاکسار مسعود احمد سوہادی دفتر الفضل ربوہ)

Digitized by Khilafat Library Rabwah

# دنیا کی تقریباً پچاس زبانوں میں تقاریر

انشاء اللہ العزیز حسب سابق جلسہ سالانہ کے موقعہ پر شعبہ تحریک جدید مجلس خدام الاحمدیہ مرکزیہ ربوہ کے زیر انتظام مورخہ ۲۷ جنوری بروز جمعہ شام کے سات بجے مسجد مبارک ربوہ میں دنیا کی پچاس زبانوں میں تقاریر پر مشتمل ایک اجلاس منعقد ہوگا جس میں غیر ملکی طلبہ کے علاوہ دنیا کی مختلف زبانوں میں فریضہ تبلیغ سر انجام دینے کا شرف پانے والے مبلغین کرام اور دیگر احباب حصہ لیں گے۔ تمام تقاریر سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثانی رضی اللہ عنہ کے اقتباس پر مشتمل ہوں گی۔

اقتباس

"میں تمہیں ایک طرف تو یہ کہتا ہوں کہ جاؤ نکل کر تمام دنیا میں پھیل جاؤ۔ دوسری طرف یہ کہتا ہوں کہ جب تمہیں مرکز سلسلہ سے آواز آئے کہ آجاؤ تو لبیک کہتے ہوئے جمع ہو جاؤ۔ یہ آنا جسمانی طور پر بھی ہو سکتا ہے اور روحانی اور اخلاقی اور مالی طور پر بھی۔ پس ابراہیم ثانی کے پرندو اگر رہنا چاہتے ہو دنیا میں تو پھیل جاؤ۔ پس جاؤ اور دنیا میں پھیل جاؤ کہ کامیابی کا ذریعہ یہی ہے اور جب آواز پہنچے تو پھر جمع ہو جاؤ جس طرح پرندے اڑ کر جمع ہو جاتے ہیں پھر خواہ کتنی بڑی فرعونی طاقت تمہارے مٹانے کے لئے کھڑی ہو جائے اسے معلوم ہو جائے گا کہ احمدیت کو مٹانا آسان نہیں۔"

(الفضل دسمبر ۱۹۳۶ء)

ایسے تمام احباب جو اس اجلاس میں تقریر کرنے کے خواہش مند ہیں فوراً خاکسار کو اطلاع دیں وقت بہت کم ہے۔ (خاکسار محمد شفیق قیصر مہتمم اشاعت مجلس خدام الاحمدیہ مرکزیہ)

---

## اعلان نکاح

میرے ماموں زاد بھائی مرزا عطاء اللہ صاحب ابن مکرم و محترم مرزا اسلام اللہ صاحب آف قادیان شریف۔ حال چنیوٹ کا نکاح مبلغ پانچ ہزار روپے حق مہر پر مبارکہ مسرت صاحبہ بی اے بنت قریشی محمد صادق صاحب ساکن ربوہ سے سیدی و آقائی حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے ارشاد مبارک پر حضرت صاحبزادہ مرزا رفیع احمد صاحب نے مورخہ ۲۸؍۱۲؍۶۶ کو عصر کی نماز کے بعد مسجد مبارک میں پڑھایا۔

خاندان حضرت مسیح پاک علیہ السلام، صحابہ کرام اور احباب جماعت سے درخواست ہے کہ اس رشتہ کے نہایت بابرکت ہونے کی دعا فرما کر عنداللہ ماجور ہوں۔

(خاکسار مرزا عطاء الرحمٰن وکل گورنمنٹ آفیسر لنڈن حال وارد ربوہ)

---

## دفتر معلومات و گم شدہ اشیاء

سالانہ جلسہ کے موقعہ پر دفاتر صدر انجمن احمدیہ کے احاطہ میں دفتر انصار کے ساتھ (تحریک جدید کے گیسٹ ہاؤس کے بالمقابل) دفتر معلومات و گم شدہ اشیاء دن رات کھلا رہے گا۔ یہاں سے آپ ہر قسم کی معلومات حاصل کر سکیں گے۔ اگر آپ کو راستہ پر گری پڑی اشیاء ملیں تو فوراً اس دفتر میں پہنچا کر شکریہ کا موقعہ دیں۔ اپنی گم شدہ اشیاء حاصل کرنے کے لئے بھی اولین فرصت میں دفتر میں رپورٹ کریں۔ گم شدہ بچے ہمارے دفتر میں پہنچائیں اور اپنے گم شدہ بچوں کے متعلق فوری امداد حاصل کرنے کے لئے ہمارے ساتھ رابطہ قائم کریں۔ یہ دفتر ۲۶ تا ۳۱ جنوری ۱۹۶۷ء تک آپ کی خدمت کے لئے دن رات کھلا رہے گا۔

(المشتہر ظہیر الدین ناظم دفتر معلومات و گم شدہ اشیاء)

---

## ماہنامہ "انصار اللہ" بابت جنوری ۱۹۶۷ء

ماہنامہ "انصار اللہ" کا جنوری ۱۹۶۷ء کا شمارہ ۱۰ جنوری کو جملہ خریدار صاحبان کی خدمت میں بذریعہ ڈاک روانہ کر دیا گیا ہے۔ جن احباب کو پرچہ نہ ملے وہ براہ کرم دفتر کو مطلع فرمائیں تاکہ انہیں دوبارہ پرچہ ارسال کیا جا سکے۔

ماہنامہ کا یہ شمارہ بھی بہت قیمتی مضامین پر مشتمل ہے۔ سیدنا حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے نہایت روح پرور ملفوظات اور سیدنا حضرت المصلح الموعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے بیان فرمودہ رشحات قلم کے علاوہ شمارہ ہذا میں جن اصحاب قلم کے مضامین شائع کئے گئے ہیں۔ ان میں سے مکرم پروفیسر شیخ محبوب عالم صاحب خالد ایم اے نے تقویٰ شعاری اور اس کے ایک بنیادی تقاضا کی طرف توجہ دلائی ہے۔ مکرم پروفیسر بشارت الرحمٰن صاحب ایم اے نے "صحابہ رسول اکرمؐ کی اطاعت شعاری" پر قلم اٹھایا ہے اور مکرم شیخ نذیر احمد صاحب بشیر ایم اے نائب امام مسجد لنڈن نے "اسلام کی نشاۃ ثانیہ اور جزائر برطانیہ" کے موضوع پر خداتی مقدرات پر بہت احسن پیرائے میں روشنی ڈالی ہے۔

ادارہ کی طرف سے دو نہایت قیمتی مقالے ہدیۂ قارئین کئے گئے ہیں۔ مقالہ افتتاحیہ میں قرآنی احکام کی رو سے جلسہ سالانہ میں شمولیت کی بے اندازہ اہمیت کو ایک نئے انداز سے واضح کیا گیا ہے۔ نیز دوسرے مقالے میں مشہور امریکی پادری جیمز البرٹ پائیک کی عیسائی عقائد پر ایک کڑی تنقید کو زیر بحث لا کر مغرب میں رونما ہونے والے انقلاب کی نشاندہی کی گئی ہے۔ عیسائی عقائد پر بشپ جیمز البرٹ پائیک کی تنقید کی وجہ سے آجکل مغرب میں ایک زلزلہ سا آیا ہوا ہے اور اس پر اخبارات میں گرما گرم بحث ہو رہی ہے۔ اس بحث کی روشنی میں مضمون میں واضح کیا گیا ہے کہ مغرب میں عیسائیت اپنی موت آپ مر رہی ہے اور اب کوئی اسے موت کی آغوش میں جانے سے بچا نہیں سکتا۔

سفید کاغذ پر شائع ہونے والے اس دیدہ زیب رسالہ کا چندہ صرف چھ روپے سالانہ ہے فی پرچہ ۶۰ پیسے ——— اگر آپ ابھی تک ایسے بلند پایہ رسالہ کے خریدار نہیں ہیں تو اولین فرصت میں خریداری قبول فرما کر روحانی نعماء کے اس خوان یغما سے مستفیض ہوں۔

(قائد اشاعت مجلس انصار اللہ مرکزیہ)

---

## ضروری اطلاع

میرے والد قبلہ نور محمد صاحب امینی بنگوی ۲۶ ستمبر ۱۹۶۶ء کو وفات پا گئے ہیں۔ اگر کسی دوست کی کوئی رقم ان کے ذمہ واجب الادا ہو تو معہ ثبوت خاکسار کو اطلاع دیں تاکہ رقم کی ادائیگی کا انتظام کیا جائے۔ جن دوستوں نے ان کی وفات پر اظہار ہمدردی کیا اور دعا فرمائی ہے میں ان سب کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔ عبد الحق امینی ولد نور محمد صاحب امینی بنگوی

AMINI KNITTING WORKS, 938 LEEDS Road
BRADFORD 3 (U.K.)

---


## تریاق اٹھرا

اٹھرا کے علاج کے لئے کورس ۱۵/ روپے

## نور منظر

اولاد نرینہ کے لئے کورس ۲۵/- روپے

رجسٹرڈ

## خورشید یونانی دواخانہ

گولبازار ربوہ


## ولادت

اللہ تعالیٰ نے میرے بھانجے عزیزم محمد اشرف صاحب عدنی حال ربوہ کو مورخہ ۹؍۱؍۶۷ کو بوقت آٹھ بجے شام دو لڑکیوں کے بعد پہلا فرزند عطا کیا ہے۔ نومولود ڈاکٹر محمد احمد صاحب مرحوم آف عدن کا پوتا اور چوہدری عبد الحق صاحب آف گوکھووال کا نواسہ ہے۔

احباب دعا فرمائیں کہ خدا تعالیٰ نومولود کی عمر دراز کرے اور خادم دین بنائے۔

(خاکسار (حاجی) مرزا اللہ دتا ریٹائرڈ شیڈ مین لائلپور حال محلہ حاجی پورہ حال ربوہ)

---


## ہمارا نصب العین؟

مومن کلاتھ ہاؤس قریشی مارکیٹ گولبازار سے ہر قسم کے سوتی و ریشمی کپڑے گرم چادریں اور شالیں ریشمی جائے نماز اور ساڑھیاں نسلی بخش نرخوں پر خرید فرمادیں۔ دیانتداری ہمارا نصب العین ہے

پروپرائٹر خواجہ عبد المومن پیر محمد افضل شاہ
ربوہ

غیر ضروری موٹاپے کو دور کرنے کے لئے جرمنی کی مشہور ڈاکٹر الیگ گولیاں استعمال کریں شفا میڈیکو لاہور

Digitized by Khilafat Library Rabwah

جسمانی طاقت اور ذہنی بالیدگی کیلئے مشہور گولیاں افروڈور (رجسٹرڈ) قابل اعتماد ثابت ہو چکی ہیں۔ شفا میڈیکو لاہور

## درخواستہائے دُعا

۱۔ بندہ کا بچہ لقمان احمد چند دنوں سے بیمار ہے درخواست دعا ہے۔
مرزا محمد سرور فائد مجلس خدام الاحمدیہ جیجہ وطنی ساہیوال)

۲۔ خاکسار کی والدہ صاحبہ کو درد گھٹنیا ہے ان کی شفا یابی کے لئے درخواست دعا ہے۔
(خاکسار انور محمد ڈسٹرما۔ جی۔ پی۔ آئی ٹاسٹل جبر پور میرس)

۳۔ مکرم ماسٹر بشیر احمد خان صاحب ولد غلام محمد خان صاحب بستی مندرانی ضلع ڈیرہ غازیخان ساجد مالک بیرون کے شعبہ سے فنامن فرا نئے رہتے ہیں۔ قارئین کرام سے ان کے لئے دعا کی درخواست ہے۔
(وکیل المال تحریک جدید ربوہ)

۴۔ مکرم حاجی احمد بخش صاحب صرات پیاد پوٗر کے ہاں اولاد نرینہ نہیں ہے۔ قارئین کرام دعا فرمادیں کہ اللہ تعالےٰ حاجی صاحب موصوف کو اپنے فضل وکرم سے اولاد نرینہ سے نوازے۔
وکیل المال اول تحریک جدید

۵۔ محترم چوہدری محمد عظیم صاحب ساکن تو ٹیکی دمہ کی بیماری میں عرصہ سے بیمار چلے آرہے ہیں احباب کامل صحت کے لئے دعا فرمائیں۔
خاکسار نصر اللہ خان سکرٹری مال انجمن احمدیہ تو ٹیکی ضلع گجرانوالہ


جاء الحق ● نامی کتابچہ میں حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی خود نوشت سوانح عمری شائع کی گئی ہے۔ قیمت صرف آٹھ آنے۔

۲۔ جذبات الحق از سید عبد الواحد صاحب امیر جماعت احمدیہ بنگال کے احمدی ہونے کے دلچسپ حالات مشہور علماء سے لاجواب مکالمات بصداقت احمدیت کے زبردست دلائل۔ قیمت آٹھ آنے (۳) حضرت مسیح کشمیر میں کیسے پہنچے قیمت ڈیڑھ روپیہ باتصویر کتاب تاریخی شہادتوں پر مشتمل ہے۔ حکیم عبد اللطیف افضل برادرز گولبازار اور تمام بک سٹالوں سے حاصل کریں

الفضل میں اشتہار دینا کلید کامیابی ہے۔ (مینجر)

وزن کی زیادتی خطرناک ہوتی ہے
ڈاڈالین
کی گولیاں کھا کر وزن کم کریں

اس خاکہ کے مطابق اپنے وزن کا جائزہ لیں

| مردوں کے لئے | | | | عورتوں کے لئے | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عمر ۴۰ سال سے زیادہ وزن پونڈوں میں | عمر ۲۵ تا ۳۹ وزن پونڈوں میں | ۱۵ تا ۲۴ سال وزن پونڈوں میں | لمبائی فٹ انچوں میں | عمر ۴۰ سے زیادہ وزن پونڈوں میں | عمر ۲۵ تا ۳۹ سال وزن پونڈوں میں | عمر ۱۵ تا ۲۴ وزن پونڈوں میں | لمبائی فٹ انچوں میں |
| ۱۳۶ | ۱۳۴ | ۱۲۷ | ۵′ — ۱½″ | ۱۲۷ | ۱۲۱ | ۱۱۴ | ۵′ — ۱½″ |
| ۱۳۸ | ۱۳۶ | ۱۲۹ | ۵′ — ۲½″ | ۱۲۹ | ۱۲۳ | ۱۱۶ | ۵′ ۲½″ |
| ۱۴۰ | ۱۳۸ | ۱۳۲ | ۵′ — ۳″ | ۱۲۹ | ۱۲۵ | ۱۱۸ | ۵′ ۳″ |
| ۱۴۳ | ۱۴۰ | ۱۳۶ | ۵′ — ۳½″ | ۱۳۲ | ۱۲۷ | ۱۱۸ | ۵′ ۳½″ |
| ۱۴۷ | ۱۴۳ | ۱۳۸ | ۵′ — ۴½″ | ۱۳۴ | ۱۲۹ | ۱۲۱ | ۵′ ۴½″ |
| ۱۴۹ | ۱۴۵ | ۱۴۰ | ۵′ — ۵½″ | ۱۳۶ | ۱۲۹ | ۱۲۳ | ۵′ ۵½″ |
| ۱۵۱ | ۱۴۹ | ۱۴۳ | ۵′ — ۶″ | ۱۳۸ | ۱۳۲ | ۱۲۵ | ۵ ۶″ |
| ۱۵۶ | ۱۵۱ | ۱۴۷ | ۵′ — ۷″ | ۱۴۰ | ۱۳۴ | ۱۲۷ | ۵′ ۷″ |
| ۱۵۸ | ۱۵۶ | ۱۴۹ | ۵′ — ۷¾ | ۱۴۳ | ۱۳۶ | ۱۲۹ | ۵′ ۷¾″ |
| ۱۶۵ | ۱۶۰ | ۱۵۱ | ۵′ ۸½″ | ۱۴۷ | ۱۴۰ | ۱۳۲ | ۵′ ۸½″ |
| ۱۶۷ | ۱۶۵ | ۱۵۶ | ۵′ ۹½″ | ۱۴۹ | ۱۴۳ | ۱۳۴ | ۵′ ۹½″ |
| ۱۷۱ | ۱۶۷ | ۱۶۰ | ۵′ ۱۰″ | ۱۵۱ | ۱۴۵ | ۱۳۸ | ۵′ ۱۰″ |

تیار کردہ: ایم ڈبلیو اشوگے جرمنی
ایجنٹس برائے پاکستان شفا میڈیکو لاہور
فون ۔ ۶۳۶۹۳
ڈاڈالین

سرمہ نور والوں کا
نورانی کاجل
آنکھوں کی صفائی اور خوبصورتی کیلئے بہترین تحفہ
بڑی شیشی قیمت ایک روپیہ پچیس پیسے
چھوٹی دس آنے
مگر جلسہ سالانہ کے ایام کیلئے بڑی شیشی ایک روپیہ
چھوٹی آٹھ آنے

زردجام عشق
طاقت کا بہترین تحفہ
قیمت خوراک ایک ماہ
چودہ روپے

اکسیر حیات
اعضائے رئیسہ کی زائل شدہ طاقت کو بحال کرتا ہے
قیمت خوراک دو ہفتہ
چھ روپے

قادیان کا قدیمی مشہور عالم اور بے نظیر تحفہ
سرمہ نور رجسٹرڈ
جملہ امراض چشم کے لئے اکسیر ثابت ہو چکا ہے۔ ہمیشہ خریدتے وقت شفاخانہ رفیق حیات کا لیبل ملاحظہ فرما لیا کریں
بڑی شیشی دو روپے
درمیانی شیشی ایک روپیہ
چھوٹی آٹھ آنے
دوران جلسہ پر گولبازار ربوہ میں ہمارا اسٹال ہوگا۔

ادویات ملنے کا پتہ:۔ شفاخانہ رفیق حیات رجسٹرڈ ٹرنک بازار سیالکوٹ

قیمت میں کمی
قاعدہ یسرنا القرآن
کے خریداروں کے لئے اعلان کیا جاتا ہے کہ قاعدے کی قیمتوں میں کمی کر دی گئی ہے۔
قاعدہ یسرنا القرآن مکمل ۶۵ پیسے
تاجر احباب سے ۔۔۔ ۵۰ سینکڑہ
چھوٹا قاعدہ ۴۰ پیسے
تاجر احباب سے ۔۔۔ ۲۵ سینکڑہ
ملنے کا پتہ مکتبہ یسرنا القرآن ربوہ

دانت مت نکلوائیے
پائیوریا اور مسوڑھوں کی جملہ خرابیوں کے لئے اینٹی پائیوریا ہلنے والے کھوکھلے اور بھربھرے دانتوں کے لئے "اینٹی کیریز" درد دانت درد کے لئے ٹوتھ کیور ۱/۸ ، ۱/۸ قیمت مکمل کورس علی الترتیب ۱۰ روپے ۱۰ روپے اور دو روپے
تفصیلات کے لئے لٹریچر مفت حاصل کریں۔
ڈاکٹر راجہ ہومیو اینڈ کمپنی گولبازار ربوہ

معجون فوفل سیلان الرحم کیلئے مفید و مجرب نسخہ۔ قیمت مکمل کورس ۵/ روپے۔ دواخانہ خدمت خلق (رجسٹرڈ) ربوہ

Digitized by Khilafat Library Rabwah

# ربوہ

## جنرل سٹورز

سٹیشنری، ہوزری
کراکری، کنفیکشنری
نظر و دھوپ کی عینکیں
کالج و سکول کی کتب
آرائش و زیبائش کے سامان
کیلئے
ہمارے ہاں
تشریف لائیں

---

خوشبو لگانا سُنّت ہے

# رضوان پرفیومرز

کے تیار کردہ

**عطر**

○ چاندنی رات ○ رات کی رانی ○ دن کا راجہ
○ گلاب کا پھول ○ باغ و بہار ○ گل رعنا

**تیل**

○ زرِ گل ہیئر آئل ○ روغنِ آملہ ○ روغن دھنیا
○ سرسوں کا تیل کچی گھانی ○ بادام روغن

● رضوان پرفیومرز ●

● کراچی ● لاہور ● راولپنڈی

---

# شیران

○ لذت اور سرور کے لئے
○ صحت اور توانائی کے لئے
○ ہر بیماری کے قدرتی علاج کے لئے

## پھلوں کے خالص جوس

مبارک اجتماع اور صحت مند پیشکش!

— ربوہ میں —

جلسہ سالانہ کے ایام میں "شیران۔ پھلوں کے خالص جوس" کے کسی بھی سٹال پر تشریف لا کر کمپنی کی مقررہ قیمتوں پر خالص
— جوس نوش فرمائیں —

یاد رکھئے — ڈھیروں پھل کھانے کی نسبت یہ خالص جوس زیادہ مفید — لذیذ — اور فرحت بخش ہے۔

آم ۵۰ پیسے فی بوتل۔ مالٹا ۵۰ پیسے فی بوتل۔ آلو بخارا ۶۲ پیسے فی بوتل
انگور ایک روپیہ فی بوتل۔ انار ایک روپیہ فی بوتل۔ سیب ایک روپیہ فی بوتل،

مبارک برادرز گنج مغلپورہ
سول ایجنٹس برائے اضلاع لاہور — گوجرانوالہ — شیخوپورہ

---

## جلسہ سالانہ کے مبارک ایام

— میں —

ہماری عارضی دکان
گولبازار ربوہ میں ہوگی
بیمار عورتوں کے معائنہ کا تسلی بخش انتظام ہوگا
منیجر دواخانہ حکیم نظام جان اینڈ سنز

---

## سرمہ درویش قادیان!

(قیمت فی شیشی پچاس نئے پیسے)

قادیان کے ایک حکیم درویش کا تیار کردہ
نہایت قیمتی مجرب اور مفید نسخہ!
آنکھوں کی جملہ امراض کے لئے نہایت مفید۔ قادیان کا یہ تحفہ آپ جلسہ سالانہ ربوہ کے موقعہ پر گولبازار ربوہ کی ہر دکان سے خرید فرمائیے۔

روزنامہ الفضل میں اشتہار دے کر اپنی تجارت کو فروغ دیں

---

# نور کاجل

ربوہ کا مشہور عالم تحفہ

آنکھوں کی خوبصورتی صحت اور صفائی کے لئے
تمام سرموں اور کاجلوں کا سرتاج
آنکھوں کے لئے مفید ترین جڑی بوٹیوں سے تیار کردہ
جملہ امراض چشم کے لئے بہت مفید ہے
قیمت فی شیشی سوا روپیہ۔
خورشید یونانی دواخانہ رجسٹرڈ ربوہ

---

## ضروری اعلان

جلسہ سالانہ کے مبارک ایام میں حسب سابق احباب کی سہولت کے لئے دفتر الفضل عارضی طور پر جلسہ گاہ میں منتقل کیا جا رہا ہے۔ جملہ احباب الفضل کے متعلقہ امور کے سلسلہ میں جلسہ کے دوران وہاں تشریف لائیں، اور خریداری نمبر بھی اپنے ساتھ ضرور لائیں۔

(منیجر)

Digitized by Khilafat Library Rabwah

# اِس دفعہ جلسہ سالانہ میں پہلے سے بھی زیادہ تعداد میں تشریف لانے کی کوشش کریں

## ہماری ہمیشہ ہی یہ کوشش ہونی چاہیئے کہ ہم خدائی بشارتوں سے وافر حصہ لینے والے ہوں

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز احباب جماعت کو جلسہ سالانہ میں شمولیت کی تحریک کرتے ہوئے فرماتے ہیں:-

"میں تمام احباب جماعت کو درد بھرے دل کے ساتھ نہایت محبت اور پیار کے ساتھ اس امر کی طرف توجہ دلاتا ہوں کہ آپ آئندہ جلسہ سالانہ پر پہلے کی نسبت زیادہ تعداد میں آئیں تا دنیا بھی یہ دیکھے کہ حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی پیش کردہ بشارات کے پیدا ہونے میں کوئی وقفہ نہیں ہوا۔ اور یہ جماعت خدا تعالیٰ کے ہاتھ نے کچھ اس طرح تیار کی ہے کہ وہ ہرگز گوارا نہیں کرتی کہ اس کی زندگی کا ایک منٹ بھی ایسا گزرے جس میں اس نے خدا تعالیٰ کے فضلوں اور رحمتوں کو جذب نہ کیا ہو۔ اور تا دنیا مشاہدہ کرے کہ ہر قسم کی رحمتیں، ہر قسم کے فضل اور ہر قسم کی بشارتیں دین کے لئے اور دنیا کے لئے اس جماعت کو دی گئی ہیں۔

پس ہماری یہ کوشش ہونی چاہیئے کہ ان میں سے ہر ایک بشارت سے ہم وافر حصہ لینے والے ہوں اور اس میں شک نہیں کہ اس کے لئے آپ کو اس سال زیادہ مالی قربانی دینی پڑے گی لیکن اس میں بھی شک نہیں کہ آپ مالی قربانی کے بغیر ان فضلوں کے وارث بھی نہیں بن سکتے جن فضلوں کا وارث آپ کو خدا تعالیٰ بنانا چاہتا ہے۔ وہ دن قریب ہیں کہ اللہ تعالیٰ آپ کو خارق عادت طور پر ترقی بخشے گا اور لاکھوں کی تعداد میں لوگ اس میں شامل ہوں گے۔ لیکن ان دنوں کو قریب تر لانے کے لئے ہمیں بھی بہت کچھ قربانیاں دینی ہوں گی۔ جب قربانی کا لفظ منہ سے نکلتا ہے تو شرم محسوس ہوتی ہے کیونکہ جو کچھ خدا سے ہمیں ملا اس میں سے ایک حصہ کو پھر اسی کی طرف واپس لوٹا دینے کو ہم کس منہ سے قربانی کہہ سکتے ہیں!

بہرحال جو کچھ اس نے ہمیں دیا ہے ہمیں ہر وقت تیار رہنا چاہیئے کہ اس کے حضور ہم واپس کر دیں اور اس کی رضا کی خاطر اس کی راہ میں خرچ کر دیں۔ اپنے اوقاتِ عزیزہ کو بھی اپنے مالوں کو بھی اپنی دلچسپیوں اور خواہشات کو بھی اور اپنے آراموں کو بھی تاہم اس کے فضلوں کے زیادہ سے زیادہ وارث بنیں۔ اوّل تو تمام جماعت کو جو اکنافِ عالم میں پھیلی ہوئی ہے آج میں یہ پیغام دیتا ہوں کہ خدا کے فضلوں کو جذب کرنے کے لئے آپ اپنے سالانہ جلسہ پر ضرور آئیں۔ جہاں تک ممکن ہو اور جہاں تک اللہ تعالیٰ آپ کو طاقت اور استطاعت بخشے آپ اس میں شمولیت کی کوشش کریں۔

دوسرے میں ان احباب جماعت کی خدمت میں جو ربوہ سے باہر رہتے ہیں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ اب جلسہ کے ایام میں مہمانوں کی کثرت کی وجہ سے کام اتنا بڑھ جاتا ہے کہ صرف ربوہ کے رضاکار اس تمام کام کو خوش اسلوبی سے سرانجام نہیں دے سکتے اس لئے اے نوجوانان احمدیت! اے خدام الاحمدیہ! جلسہ کے کام کے لئے اپنی خدمات پیش کرو اور بطور رضاکار حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے مہمانوں کی خدمت کرو۔ ان دنوں میں دراصل کوئی نہیں کہہ سکتا کہ کون میزبان اور کون مہمان ہے کیونکہ اگر غور سے دیکھا جائے تو سب ہی مہمان ہیں اور ہمارا میزبان خدا کا وہ مسیح ہے جس نے اس لنگر کو جاری کیا۔"

(الفضل ۸ر دسمبر ۱۹۶۵ء)

---

سیدنا حضرت المصلح الموعود رضی اللہ عنہ کا ارشاد ہے کہ:-

"امانت فنڈ تحریک جدید میں روپیہ جمع کروانا فائدہ بخش بھی ہے اور خدمتِ دین بھی"

(افسر امانت تحریک جدید)

---

## چندہ جلسہ سالانہ

جلسہ سالانہ کے انعقاد میں اب صرف ایک ہفتہ باقی رہ گیا ہے مقامی عہدہ داروں سے التماس ہے کہ ان باقی چند ایام میں اس چندہ کی وصولی کے لئے پوری توجہ فرمائیں۔ اور کوشش فرمائیں کہ ہر جماعت کا چندہ جلسہ سالانہ کا بجٹ سو فیصدی وصول ہو کر داخل خزانہ ہو جائے اور جلسہ سالانہ کے اخراجات میں کسی قسم کی دقت کا سامنا نہ ہو۔ امید ہے جملہ عہدہ داران جماعت اس طرف ضرور توجہ فرمائیں گے۔

(ناظر بیت المال ربوہ)

---

## کارکنانِ جلسہ کے لئے ضروری اطلاع

### جملہ کارکنان ۲۳ر دسمبر سے اپنی اپنی ڈیوٹیوں پر حاضر ہو جائیں

جملہ کارکنان جلسہ سالانہ کی اطلاع کے لئے اعلان کیا جاتا ہے کہ کارکنان کی اسم وار ڈیوٹیاں مقرر کر دی گئی ہیں۔ نقشہ فرائض کارکنان چھپ چکا ہے اور ربوہ کے تمام تعلیمی اداروں دفاتر اور صدر صاحب عمومی کو اس کی کاپیاں بھجوا دی گئی ہیں۔ کارکنان اس میں اپنی اپنی ڈیوٹی دیکھ لیں اور ۲۳ر دسمبر کو علی الصبح اپنی اپنی ڈیوٹیوں پر حاضر ہو جائیں۔

جلسہ کے جملہ انتظامات اس روز سے ہنگامی بنیادوں پر شروع ہو جائیں گے۔

(افسر جلسہ سالانہ)

---

## احباب جماعت کے لئے خوشخبری

### سیرت خاتم النبیینؐ حصہ اوّل چھپ کر تیار ہو گئی

احباب یہ سن کر خوش ہوں گے کہ قمر الانبیاء حضرت مرزا بشیر احمد صاحب رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی مقبول عام اور معرکۃ الآراء تصنیف "سیرت خاتم النبیینؐ" (جو عرصہ سے نایاب تھی) کی پہلی جلد طبع ہو کر منظر عام پر آگئی ہے۔ سیرت مقدسہ پر یہ تصنیف لطیف دلکش انداز بیان، جامعیت اور اختصار کے پہلو بہ پہلو مستند اور معتمد علیہ ہونے میں ممتاز مقام رکھتی ہے حضرت میاں صاحب رضی اللہ عنہ نے کمال محبت و عشق کے جذبہ سے سرشار ہو کر آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی شخصیت و کردار کو موجودہ دور کے مذاق کے مطابق انتہائی دلنشین اور پرسوز رنگ میں پیش فرمایا ہے۔

احباب یہ بیش بہا تصنیف الشرکۃ الاسلامیہ لمیٹڈ گول بازار ربوہ سے جلسہ سالانہ کے موقعہ پر حاصل کر سکتے ہیں۔ قیمت فی جلد صرف -/۵ روپے

مینیجنگ ڈائریکٹر الشرکۃ الاسلامیہ لمیٹڈ ربوہ

---

### وی پی نہیں کئے گئے

ماہنامہ الفرقان کے جن خریدار صاحبان کا چندہ ختم ہے ان کے نام ماہ جنوری کا رسالہ وی پی نہیں کیا گیا کیونکہ یقین ہے کہ وہ سب سالانہ جلسہ پر اپنا پیشگی چندہ ادا فرمائیں گے الفرقان کا چندہ گول بازار میں مکتبہ الفرقان ربوہ کے جماعت برادرز میں بھی ادا ہو سکتا ہے اور دفتر وقف عارضی کے ساتھ بھی وصولی کا انتظام ہو گا۔ (منیجر الفرقان ربوہ)

رجسٹرڈ نمبر ایل ۵۲۵۲